بلوچستان صوبائی اسمبلی سیکرٹریٹ

نمبر = ص ا ب / س / ۲ / ۱ / ۲۰۱۳ مورخہ ۲۳ / مئی ۲۰۱۷

بخدمت = جناب چیف سیکرٹری،
حکومت بلوچستان، کوئٹہ۔

موضوع = **مشترکہ قرارداد نمبر ۱۳۵**

بلوچستان صوبائی اسمبلی کی نشست منعقدہ مورخہ ۱۹ / مئی ۲۰۱۷ میں منظور شدہ مشترکہ قرارداد نمبر ۱۳۵ منجانب محترمہ حسن بانو رخشانی، محترمہ یاسمین لہڑی، محترمہ شاہدہ رؤف اور ڈاکٹر شمع اسحاق اراکین اسمبلی، برائے اطلاع وضروری کارروائی ارسال خدمت ہے۔

مشترکہ قرارداد نمبر ۱۳۵۔

ہرگاہ کہ گزشتہ دنوں وزارت مذہبی امور حکومت پاکستان کی جانب سے حج ۲۰۱۷ کی قرعہ اندازی ہوئی جس میں ملک بھر سے تقریباً ۸۷ ہزار ۸۱۳ اُمیدوار کامیاب قرار دیئے گئے۔ جبکہ صوبہ بلوچستان سے صرف ۶۱۱۶ اُمیدواراں نے فریضہ حج کی ادائیگی کیلئے اپنی درخواستیں جمع کروائی تھیں۔ لیکن افسوس وزرات مذہبی امور کی جانب سے گزشتہ تین سالوں سے بلوچستان کے عوام کے ساتھ جاری ناانصافی کی وجہ سے مذکورہ حج قرعہ اندازی میں بلوچستان سے نصف اُمیدوار بھی کامیاب نہیں ہوئے ہیں۔ جسکی وجہ سے صوبہ کے عوام میں شدید مایوسی پایا جانا فطری عمل ہے۔

لہذا یہ ایوان صوبائی حکومت سے سفارش کرتا ہے۔ کہ وہ وفاقی حکومت سے رجوع کرے۔ کہ بلوچستان سے ناکام ہونے والے تمام درخواست کنندگان کو حج ۲۰۱۷ کیلئے کامیاب قرار دیا جائے تاکہ صوبہ کے عوام میں پائی جانے والی بے چینی واحساس محرومی کا ازلہ ممکن ہوسکے۔

رحمت اللہ
معتمد،

برائے اطلاع بخدمت:۔

۱) سیکرٹری قومی اسمبلی، پاکستان، اسلام آباد۔
۲) سیکرٹری سینٹ، سینٹ سیکرٹریٹ پاکستان، اسلام آباد۔
۳) ڈی۔ جی (لاء) پریزیڈنٹ سیکرٹریٹ، (پبلک) ایوان صدر، اسلام آباد۔
۴) پرنسپل سیکرٹری برائے وزیراعظم پاکستان، وزیراعظم سیکرٹریٹ، اسلام آباد۔
۵) سیکرٹری وزارت قانون وپارلیمانی امور، حکومت پاکستان، اسلام آباد۔
۶) سیکرٹری وزارت حج ومذہبی امور، حکومت پاکستان، اسلام آباد۔
۷) سیکرٹری، صوبائی اسمبلی، پنجاب، لاہور۔ سندھ، کراچی۔ خیبر پختونخوا، پشاور۔ قانون ساز اسمبلی آزاد جموں کشمیر، مظفرآباد قانون ساز اسمبلی گلگت اسمبلی، گلگت بلتستان۔
۸) سیکرٹری حج واقاف حکومت بلوچستان، کوئٹہ۔
۹) **محترمہ حسن بانو رخشانی، محترمہ یاسمین لہڑی، محترمہ شاہدہ رؤف اور ڈاکٹر شمع اسحاق اراکین اسمبلی / محرکین**

(شمس الدین)
شریک معتمد، (سوالات)

Scanned with CamScanner